اخبار الجامعہ :

حافظ احمد حقیق
مدیرہ جامعہ اثریہ للبنات و ناظم نشر و اشاعت
جامعہ علوم اثریہ

جامعہ علومِ اثریہ کے زیرِ اہتمام سپیشل عربی کلاس کا اجراء

"مجلس التحقیق الاثری" کے انچارج جناب حافظ ثناء اللہ زاہدی کا دورہ مراکش، امارات اور شام

اسلامی تعلیمات کے فروغ کے لیے یکم جولائی ۱۹۹۲ء سے جامعہ علومِ اثریہ کے زیرِ اہتمام اسلامک سنٹر اثریہ روڈ جہلم میں ایک سپیشل عربی کلاس کا اجراء کیا گیا ہے جس میں وکلاء، ڈاکٹرز، پروفیسرز، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلباء، نیز دیگر کاروباری حضرات اور عرب ممالک جانے والے احباب کے لیے عربی زبان سیکھنے کا وسیع تر انتظام کیا گیا ہے۔ تدریس کے لیے مستند ماہرینِ تعلیم اور تجربہ کار اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں، جب کہ کلاس کا نصابِ تعلیم ممتاز ماہرینِ تعلیم، جید علمائے کرام اور فضلائے مدینہ یونیورسٹی نے وقت کے تقاضوں کے مطابق مختصر مگر نہایت جامع مرتب کیا ہے۔ کلاس کے شرکاء کو ملک کے ممتاز اہلِ علم اسلامی موضوعات پر لیکچر بھی دیتے ہیں، تاکہ انھیں عقیدۂ توحید و سنت اور دیگر ضروری دینی معلومات سے بھی روشناس کرایا جاسکے۔

واضح رہے، اس سپیشل عربی کلاس کے علاوہ جامعہ میں مستقل طور پر مقیم زیرِ تعلیم طلباء کی تعداد ۲۷۵ ہے، جن میں ملکی طلباء کے علاوہ الجزائر، تیونس، لیبیا، بحرین، انڈونیشیا، ملائشیا، چین، بنگلہ دیش اور افغانستان کے غیر ملکی طلباء بھی شامل ہیں۔ جبکہ مجلس التحقیق الاثری کے انچارج جناب حافظ ثناء اللہ زاہدی نے، جو اس وقت مراکش، امارات اور شام کے

دَورے پر ہیں، یہ اطلاع دی ہے کہ ان ممالک سے بھی طالب علموں کی ایک خاصی تعداد جامعہ علومِ اثریہ میں داخلہ کی خواہشمند ہے۔

علاوہ ازیں جامعہ اثریہ للبنات میں زیرِ تعلیم طالبات کی تعداد ۴۰۰ کے قریب ہے ــــ اور یوں اس وقت جامعہ کی تدریسی خدمات سے مستفید ہونے والوں کی تعداد تقریباً ۸۰۰ تک جا پہنچتی ہے، جن کی خوراک، رہائش (مع دیگر لوازمات) کے علاوہ غریب طلبہ کا لباس بھی جامعہ کے ذمہ ہے ــــ دعا ہے، اللہ تعالیٰ کارکنانِ جامعہ کو ان ذمہ داریوں سے کماحقہٗ اور بطریقِ احسن عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرمائے، تاکہ وہ دینِ حنیف کی زیادہ سے زیادہ خدمات انجام دے سکیں۔ اللّٰھم وفّق لھم لما تحبّ وترضیٰ!

یاد رہے، جناب حافظ ثناء اللہ زاہدی کے بیرونِ ملک دَورہ کے پروگرام میں وہاں کے اسلامی تعلیمی اداروں، کالجوں اور عصری یونیورسٹیوں سے علمی، تحقیقی مخطوطات اور لائبریریوں کی تصاویر ــــ ان سے ضروری اور مفید معلومات حاصل کرنے کے علاوہ ان ممالک کے مشاہیر اہلِ علم اور ماہرینِ فنِ تعلیم سے ملاقات و رابطہ بھی شامل ہے۔

مذکورہ عربی کلاس کے سلسلہ میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:

جناب حافظ عبدالحمید عامر مدیر جامعہ علومِ اثریہ، پوسٹ بکس ۱۱ جہلم،
فون: ۲۰۹۲ / ۳۶۷۶، کوڈ ۰۵۹۴۱۔

○ "محدث" ایک علمی، دینی اور تبلیغی اصلاحی مجلّہ ہے ــــ اس کی توسیعِ اشاعت میں حصہ لے کر عنداللہ ماجور ہوں۔

○ اپنا زرِ تعاون بذریعہ منی آرڈر روانہ فرما کر وی پی پی کے زائد خرچہ سے بچیں ــــ شکریہ!

(مینجر)